AFC کا

# اپنے حقوق جانیں

## نیو یارک شہر کے پبلک اسکولوں میں تارکین وطن خاندانوں کے قانونی حقوق کے حوالے سے گائیڈ

اگست 2023

AFC

Advocates for Children of New York

Protecting every child's right to learn

حقِ اشاعت © 2023 منجانب ایڈوکیٹس برائے نیو یارک کے اطفال، انکارپوریشن

# فہرستِ مندرجات

تعارف........................................................................................ 3
اسکول میں داخلہ لینا ........................................................................ 4
پبلک اسکول میں درخواست دینا اور اسکول منتخب کرنا.......................................... 6
انگریزی زبان کے متعلمین (ELLs) کے لیے خدمات............................................ 7
خصوصی تعلیم اور معذوریوں کے شکار طلباء .............................................. 10
معطلیاں...................................................................................... 13
پروموشن (اگلی کلاس میں جانا) اور گریجویشن ............................................ 14
امتیازی سلوک................................................................................ 16
میں اپنے بچے کی تعلیم میں کیسے شامل ہو سکتا ہوں؟.................................... 18
بطور والدین میرے حقوق کیا ہیں؟............................................................. 19
میں اپنے خدشات اور سوالات سے متعلق DOE میں کس فرد سے بات چیت کروں؟................... 20
خاندانی خیرمقدمی مراکز...................................................................... 21
امیگریشن میں مدد لینے کے لیے میں کس فرد سے رابطہ کروں؟............................... 22
اہم اصطلاحات اور مخففات ................................................................. 24
وکالتی تجاویز................................................................................ 25

یہ گائیڈ قانونی مشوروں پر مبنی نہیں ہے۔ اس گائیڈ میں AFC کی رائے بیان کیے بغیر موجودہ پالیسیوں یا قوانین کا خلاصہ پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اگر آپ کو کوئی قانونی مسئلہ درپیش ہے، تو براہ کرم اٹارنی یا ایڈوکیٹ سے رابطہ کریں۔

# تعارف

اس گائیڈ کا مقصد تارکین وطن خاندانوں کو نیو یارک شہر کے پبلک اسکولز سسٹم میں ان کے حقوق کے حوالے سے بنیادی جائزہ پیش کرنا ہے اور یہ بنیادی طور پر، پری کنڈرگارٹن سے 12ویں گریڈ تک کے اسکول جانے والے بچوں کے والدین کے لیے ہے۔

گائیڈ کا مطالعہ کرتے وقت، 6 بنیادی حقوق یاد رکھنے ہیں:

## 6 بڑے حقوق:
## NYC پبلک اسکول سسٹم میں آپ کے حقوق

1. **آپ کے بچے کو اپنی امیگریشن حیثیت یا آپ کے خاندان کی امیگریشن حیثیت سے قطعِ نظر اسکول جانے کا حق حاصل ہے۔**
2. **اگر آپ کے بچے کو انگریزی سیکھنے میں مدد درکار ہے، تو آپ کو دو لسانی یا انگریزی بطور نئی زبان (English as a New Language, ENL) کا پروگرام منتخب کرنے کا حق حاصل ہے۔**
3. **آپ کو ایلیمنٹری، مڈل اور ہائی اسکول کے لیے اپنی پسند کے پبلک اسکولوں میں درخواست دینے کا حق حاصل ہے۔**
4. **آپ کو اسکول سے متعلقہ ترجمہ شدہ معلومات اپنی ترجیحی زبان میں حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔**
5. **اگر آپ کے بچے کے معطل کیے جانے یا گریڈ دوہرانے کا خطرہ ہو تو آپ کو اس حوالے سے آگاہ کیے جانے کا حق حاصل ہے۔**
6. **آپ کے بچے کو اس کی نسل، امیگریشن حیثیت، آبائی وطن یا آبائی قومیت کی بنیاد پر بغیر کسی امتیازی سلوک کا سامنا کیے، تعلیم حاصل کرنے کا حق ہے۔**

*اگر اس گائیڈ کو پڑھنے کے بعد آپ کے کوئی اضافی سوالات ہیں، تو*

**AFC کی ایجوکیشن ہیلپ لائن کو**

**866-427-6033 (ٹول فری) • پیر تا جمعرات • صبح 10 بجے تا شام 4 بجے کال کریں**

*ہم آپ سے آپ کی زبان میں بات کر سکتے ہیں۔*

## اسکول میں داخلہ لینا

### میرا بچہ اسکول کس عمر میں جا سکتا ہے؟

4 سے 21 سال کی عمر کے بچوں کو پبلک اسکول جانے کا حق ہے چاہے وہ کہیں بھی پیدا ہوئے ہوں یا وہ کوئی بھی زبان بولتے ہوں۔ نیو یارک شہر (New York City, NYC) میں، اگر پروگرامز میں جگہ دستیاب ہو، تو 3 سال تک کے چھوٹے بچے تعلیمی خدمت حاصل کر سکتے ہیں۔

4 سے 21 سال کی عمر کے تمام ایسے بچے جو پبلک اسکول میں درخواست دیتے ہیں، انہیں اسکول کے 5 دنوں کے اندر ایک مناسب پروگرام میں داخلہ اور جگہ دی جانی چاہیئے۔ ایک اہل بچے کو کنڈرگارٹن میں داخلہ لینے سے روکا نہیں جا سکتا۔ نیز، NYC میں ہر چار سالہ بچے کے لیے پری K سیٹ دستیاب ہے۔ نوعمر افراد کو ان کی عمر، محدود ابتدائی تعلیم یا ان کے انگریزی متعلمین ہونے کی وجہ سے، ہائی اسکول میں داخلہ لینے سے انکار نہیں کیا جا سکتا نہ ہی انہیں ہائی اسکول کے مساوی ڈپلوما کے لیے تیاری کے پروگرام میں بھیجا جا سکتا ہے۔

### امیگریشن حیثیت سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

**تجویز:**

اگر آپ سے سوشل سیکیورٹی نمبر پوچھا جائے، تو 000-00-0000 میں پُر کریں۔

تارکین وطن طلباء کو اپنی امیگریشن حیثیت یا ان کے خاندان کی امیگریشن حیثیت سے قطع نظر اسکول جانے کا حق ہے۔ اگرچہ کچھ اسکول کے فارمز میں سوشل سیکیورٹی نمبر مانگا جا سکتا ہے، تاہم والدین اور طلباء کو یہ معلومات دینے کی ضرورت **نہیں** ہے۔

تارکین وطن طلباء اسکول کی وہ تمام خدمات حاصل کر سکتے ہیں جن کے وہ حقدار ہیں، اس میں مفت لنچ، مفت ناشتہ اور آمدورفت شامل ہے۔

اسکول میں کوئی بھی بچے یا خاندان کی امیگریشن حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھ سکتا۔ اگر اسکول کو بچے یا خاندان کی امیگریشن حیثیت کے بارے میں علم ہوتا ہے، تو وہ ان معلومات کا کسی کے ساتھ اشتراک نہیں کریں گے۔ DOE طالب علم کی معلومات کا انکشاف نہیں کرے گا، ماسوائے اس وقت کہ جب قانون کی جانب سے لازماً درکار ہو۔ وفاقی ایجنٹس، بشمول امیگریشن اور کسٹمز کے نفاذ (Immigration and Customs Enforcement, ICE) کے حکام اسکول میں داخل نہیں ہو سکتے، ماسوائے اس وقت کہ جب قانون کی جانب سے لازماً درکار ہو۔

### مجھے اپنے بچے کا اندراج کہاں کروانا چاہیئے؟

آپ کے بچے کا NYC پبلک اسکول میں جانے کے لیے NYC میں مقیم ہونا لازم ہے۔ اگر آپ کا بچہ ایلیمنٹری یا مڈل سکول میں داخل ہو رہا ہے، تو وہ اپنے علاقائی اسکول میں داخل ہو سکتا ہے۔ یہ جاننے کے لیے کہ آپ کے بچے کے علاقے کا اسکول کون سا ہے، 311 ڈائل کریں۔ اپنے بچے کے لیے اسکول کے دیگر اختیارات دریافت کرنے کے لیے آپ اپنے مقامی خاندانی خیرمقدمی مرکز (Family Welcome Center) کا بھی دورہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کا بچہ ہائی اسکول میں داخل ہو رہا ہے، تو آپ اپنے بچے کا ہائی اسکول میں داخلہ کروانے میں مدد کے لیے اپنے مقامی خاندانی

خیرمقدمی مرکز پر جا سکتے ہیں۔ خاندانی خیرمقدمی مرکز کے رابطے کی معلومات اس گائیڈ کے صفحہ نمبر 21 پر دیکھی جا سکتی ہیں۔

## اہم دستاویزات

اپنے بچے کا اسکول میں داخلہ کرواتے وقت درج ذیل دستاویزات ساتھ لائیں:

1. **رہائش کا ثبوت،** مثلاً گیس، کیبل، بجلی، یا پانی کا بل یا لیز۔ احتیاط کریں کہ، ٹیلیفون کے بلز، کریڈٹ کارڈ بلز، ڈرائیونگ لائسنسز وغیرہ ثبوت کے طور پر استعمال نہیں ہو سکتے۔ دستاویز کی قسم کی بنیاد پر، دو سے تین دستاویزات درکار ہو سکتی ہیں۔ DOE کی ویب سائٹ پر بطور رہائشی ثبوت قبول کی جانے والی دستاویزات کی مکمل فہرست دیکھیں۔
2. **آپ کے بچے کی عمر کا ثبوت،** مثلاً آپ کے بچے کی پیدائش کا سرٹیفکیٹ یا پاسپورٹ۔
3. آپ کے بچے کا **حفاظتی ٹیکوں کا ریکارڈ،** اگر دستیاب ہو۔
4. اگر دستیاب ہو، تو آپ کے بچے کا **حالیہ ترین رپورٹ کارڈ/ٹرانسکرپٹ، انفرادی تعلیمی پروگرام (Individualized Education Program, IEP)، یا 504 رہائشی سہولت کا منصوبہ** – ان آئٹمز کے بارے میں تفصیلات کے لیے صفحہ 10 دیکھیں۔

## اگر میرے بچے کے کوئی اسکول ریکارڈز نہ ہوں یا اس نے اسکول میں بہت کم یا بالکل کوئی وقت نہ گزارا ہو تو کیا ہو گا؟

ان کا پبلک اسکول میں فوری داخلے کا حق پھر بھی برقرار رہے گا۔ آپ کا بچہ جس اسکول میں داخلہ لے گا، وہاں موجود داخلہ جاتی مشاورت کار یا عملے کے دیگر کسی رکن کو طالب علم کا پروفائل تخلیق کرنا چاہیئے اور اس زبان میں آپ کے بچے کا جائزہ لینا چاہیئے جو وہ بولتا ہے۔ اگر عملے کا کوئی بھی رکن آپ کے بچے کی زبان نہ بول سکے، تو اسکول کو مترجم کے لیے بندوبست کروانا چاہیئے۔

## اگر میرے بچے کا ریکارڈ/ٹرانسکرپٹ ایسے اسکول کی جانب سے ہو جو دوسرے ملک میں ہے تو کیا ہو گا؟



کیا آپ کے بچے کے غیر ملکی اسکول کے ریکارڈ/ٹرانسکرپٹ کا داخلہ لینے والے اسکول، محکمۂ تعلیم یا کسی بیرونی ذریعے (مثلاً آپ کے قونصل خانے، کمیونٹی تنظیم یا نجی خدمت) کی جانب سے ترجمہ کیا گیا ہے۔ اس کے بعد اسکول آپ کے بچے کی ترجمہ شدہ دستاویز کا جائزہ لے گا اور آپ کے بچے کے گریڈ کا تعین کرے گا۔

***اس عرصے میں، آپ کے بچے کا اسکول میں داخلہ لازمی ہے۔***

## پبلک اسکول میں درخواست دینا اور اسکول منتخب کرنا

**تجویز:**

NYC میں مختلف پبلک اور چارٹر اسکولز تلاش کرنے اور ان کا موازنہ کرنے کے لیے Www.insideschools.org پر موجود سرچ ٹول استعمال کریں۔

### *اسکول کا انتخاب کیا ہے؟*

اگرچہ آپ کے بچے کو ان کے گردونواح میں یا "علاقائی" اسکول تفویض کیا جا سکتا ہے، تاہم آپ اس بات کا انتخاب کر سکتے ہیں کہ کیسا اسکول ہو – کس قسم کا اسکول ہو! – جہاں آپ کا بچہ داخلہ لے سکے۔ آپ اسکولوں کی تحقیق کر سکتے ہیں، اس اسکول کا دورہ کر سکتے ہیں جو آپ کی دلچسپی کا حامل ہو اور اپنے بچے کی جانب سے درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔ تارکین وطن طلباء اور انگریزی زبان کے متعلمین تمام NYC پبلک اسکولوں میں داخلہ لینے کے اہل ہیں بشمول:

- **چارٹر اسکولز**: نجی طور پر نظم کردہ پبلک اسکولز۔ آپ درخواست لازمی دیں اور داخلہ قسمت آزمائی سے ہوتا ہے۔
- **میگنیٹ اسکولز:** خصوصی پروگراموں کے حامل غیر علاقائی پبلک اسکولز (مثلاً آرٹس، ٹیکنالوجی، سائنس)۔ آپ درخواست لازمی دیں۔
- **انٹرنیشنل ہائی اسکولز:** ایسے پبلک اسکولز جہاں موجود سب طلباء تارکین وطن ہیں۔
- **خداداد اور باصلاحیت ہنر کے تعلیمی پروگرامز:** خصوصی جدید پروگرامز کے حامل پبلک اسکولز۔ آپ کے بچے کو داخل ہونے کے لیے ایک امتحان دینا ہو گا۔ ELLs اور سابقہ ELLs کے لیے ٹیسٹنگ رہائشی سہولیات دستیاب ہیں۔

اسکولوں میں درخواست دینے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم ہماری ہیلپ لائن پر کال کریں یا اسکول منتخب کرنے کے لیے DOE کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

### *کیا میں اپنے بچے کو کسی مختلف اسکول میں منتقل کروا سکتا ہوں؟*

آپ کو اسکول تبدیل کروانے کے لیے تحریری طور پر درخواست دینا ہو گی۔ منتقلی کی تین سب سے عام اقسام ہیں (1) طبی ضرورت کے لیے منتقلی، (2) حفاظت کے پیش نظر منتقلی، اور (3) آمدورفت میں دشواری کی وجہ سے منتقلی (عوامی آمدورفت میں ایک طرف کا سفر 90 منٹ یا زیادہ دیر میں طے کرنا)۔ جہاں آپ کے باقی بچے داخل ہوں وہاں منتقل کروانے کی درخواست بھی زیر غور لائی جا سکتی ہے۔

یہ نوٹ کرنا انتہائی اہم ہے کہ یہ منتقلیاں کروانا **بہت** مشکل کام ہے۔ مزید معلومات DOE کی ویب سائٹ پر تلاش کی جا سکتی ہیں۔

# انگریزی زبان کے متعلمین (ELLs) کے لیے خدمات

تمام طلباء کو اس بات سے قطع نظر کہ وہ کتنی اچھی انگریزی بولتے ہوں، سرکاری تعلیم کا حق حاصل ہے۔ انگریزی زبان کے متعلمین کو انگریزی سِکھانے کے لیے خصوصی تدریس حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔ یہ طلباء "انگریزی زبان کے متعلمین" (ELLs) کہلاتے ہیں۔

تدریس کی سب سے عام اقسام ہیں **عبوری دو لسانی تعلیم (Transitional Bilingual Education, TBE)** یا **انگریزی بطور نئی زبان (English as a New Language, ENL)**۔ **دوہری زبان (Dual Language, DL)** کے پروگرامز بھی ELLs کو پیش کیے جا سکتے ہیں۔

## *کیا میرا بچہ ELL خدمات کے لیے اہل ہے؟*

جب آپ کے بچے کا NYC اسکول میں داخلہ ہو جائے، تو آپ پر ٹیچر یا منتظم کی مدد سے **گھریلو زبان کی شناخت کا سروے (Home Language Identification Survey, HLIS)** پُر کرنا لازم ہے۔ اس سروے میں آپ کے گھر میں بولی جانے والی زبانوں اور آپ کے بچے کی بولی جانے والی زبان کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ اس کے بعد ایک ٹیچر آپ اور آپ کے بچے کا گھر میں بولی جانے والی زبان اور انگریزی میں انٹرویو لے گا، اور آپ کے بچے کے گزشتہ کام کے بارے میں جائزہ لے گا، اگر دستیاب ہو۔

اگر اہل ہو، تو پھر آپ کے بچے کا انگریزی میں ٹیسٹ لیا جائے گا، جو **ریاست نیو یارک کا شناخت کا ٹیسٹ برائے انگریزی زبان کے متعلمین (New York State Identification Test for English Language Learners, NYSITELL) کہلاتا ہے** تاکہ آپ کے بچے کی انگریزی کی صلاحیتوں کی سطح معلوم کی جا سکے۔ یہ ٹیسٹ آپ کے بچے کو اسکول میں داخل ہونے کے پہلے 10 دنوں کے اندر دینا چاہیئے۔ اگر آپ کا بچہ NYSITELL پاس نہ کر سکے، تو وہ ELL خدمات کے لیے اہل ہے۔



ELLs کو **ریاست نیو یارک کے انگریزی بطور ثانوی لسانی حصول کا ٹیسٹ (New York State English as a Second Language Achievement Test, NYSESLAT)** بھی ہر سال موسم بہار میں دینا چاہیئے۔

جب آپ کا بچہ NYSESLAT کی ایک مخصوص سطح کا اسکور حاصل کر لیتا ہے، تو وہ ELL کے طور پر زیر غور نہیں لایا جائے گا اور انہیں مزید TBE، ENL یا DL تدریس موصول نہیں ہو گی۔

## ***ELL پروگرامز کے درمیان فرق کے بارے میں بتانا***

1. **عبوری دو لسانی تعلیم (TBE):** تدریس انگریزی اور طالب علم کے گھر میں بولی جانے والی زبان یعنی دونوں میں دی جاتی ہے۔ طالب علم کے مہارت حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ استعمال کی جانے والی انگریزی میں بھی اضافہ کیا جاتا ہے۔
2. **انگریزی بطور نئی زبان (ENL):** طلباء کو مکمل طور پر انگریزی میں سکھایا جاتا ہے اور وہ تربیت یافتہ ٹیچر کی جانب سے انگریزی بولنا، پڑھنا اور لکھنا سیکھتے ہیں۔ (زیادہ تر نئے تارکین وطن طلباء ENL کلاسز میں ہیں)۔
3. **دوہری زبان (DL):** اس میں ELLs اور مقامی انگریزی بولنے والے ایک ساتھ ایک کلاس روم میں سیکھتے ہیں تاکہ کلاس کے تمام طلباء انگریزی اور دوسری زبان دونوں میں مہارت حاصل کر سکیں۔ ہر اسکول میں داخلہ لینے کا اپنا منفرد طریقہ ہوتا ہے۔ NYC میں دوہری زبان کے پروگراموں میں دوسری زبان کے طور پر زیادہ تر ہسپانوی پڑھائی جاتی ہے، تاہم چند ایک چینی، ہیٹی کریول، روسی، کوریائی، فرانسیسی، عربی، بنگالی، اردو، جاپانی، یدش، عبرانی اور پولش سِکھاتے ہیں۔

ELLs کے لیے پیش کردہ زبان کے پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات DOE کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ آپ اپنے قریب موجود TBE اور DL پروگراموں کی فہرست کے بارے میں بھی معلوم کر سکتے ہیں۔

## ***کیا میں اپنے بچے کا ELL پروگرام منتخب کر سکتا ہوں؟***

**جی ہاں۔** آپ کو DL، TBE اور ENL کے درمیان انتخاب کرنے کا حق حاصل ہے۔ چونکہ زیادہ تر اسکولوں میں ENL کلاسز ہوتی ہیں، لہٰذا TBE اور DL کی کلاسز کم عام ہیں۔ اگر آپ کے بچے کے ضلع میں کوئی دوسرا اسکول آپ کے مطلوبہ TBE یا دوہری زبان کا پروگرام پیش کرتا ہے اور اس پروگرام میں جگہ ہے، تو آپ کو اپنے بچے کو اس اسکول میں منتقل کرنے کا حق حاصل ہے۔ آپ کا بچہ اُس اسکول میں آنے جانے کے لیے مفت آمدورفت حاصل کرنے کا بھی حقدار ہے۔ اگر آپ اپنے بچے کو منتقل کروانا چاہتے ہیں، تو اپنے موجودہ اسکول یا خاندانی خیرمقدمی مرکز کے ذریعے درخواست کریں۔

**تجویز:**

ENL پروگراموں کو ہر بچے کی انگریزی زبان کی انفرادی صلاحیتوں کے مطابق تیار کیا جانا لازم ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ایک ہی کلاس میں ہر ENL طالب علم کو ایک ہی ENL نصاب حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے! اگر آپ کا بچہ اپنے ہم جماعتوں کی نسبت انگریزی کی جدید مہارتوں کا حامل ہے، تو وہ تدریس کی مزید اگلی سطح کا حقدار ہے۔

اسکولوں سے کسی خاص گریڈ میں ELLs کی تعداد کی بنیاد پر ایک نئی زبان میں دو لسانی پروگرام تیار کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے:

- ایلیمنٹری اور مڈل اسکول: ایک دوسرے کے گھر میں بولی جانے والی ایک ہی زبان کا استعمال کرتے ہوئے ایک ہی گریڈ میں **یا** 2 گریڈز میں 15+ ELLs
- ہائی اسکول: گھر میں بولی جانے والی زبان کا استعمال کرتے ہوئے **ایک** گریڈ میں 20+ ELLs۔

اگر اسکول میں مذکورہ بالا ELLs کی مخصوص تعداد موجود ہو تو آپ اپنے بچے کے اسکول سے دو لسانی پروگرام تشکیل دینے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

**اگر آپ کے بچے کے ضلع میں کوئی اسکول آپ کے بچے کی زبان میں دو لسانی پروگرام پیش نہیں کرتا، تو آپ کے بچے پر ENL میں داخلہ لینا لازم ہے۔**

## *کیا میرے بچے کا اسکول ELL پروگراموں کے بارے میں مجھ سے رابطہ کرے گا؟*

**جی ہاں۔** NYS قانون کے تحت، آپ کے بچے کی ELL کے طور پر شناخت کیے جانے پر آپ کو 5 اسکول کے دنوں کے اندر اطلاع دی جانی چاہیئے۔ آپ کے بچے کے دو لسانی یا ENL پروگرام میں اندراج سے پہلے، آپ کو درج ذیل حقوق حاصل ہیں:

1. ایک تعارفی سیشن جس میں پروگرام کے مختلف اختیارات کی وضاحت کی جاتی ہے؛
2. ریاستی معیارات اور ٹیسٹس کی تفصیلات، اور DL، TBE اور ENL پروگراموں کے لیے تقاضے؛ اور
3. سب معلومات آپ کی ترجیحی زبان میں فراہم کی گئی ہیں۔ اگر آپ کو کوئی مسئلہ درپیش ہو، تو براہ کرم ہماری ہیلپ لائن پر کال کریں۔

## *کیا میرا بچہ مزید ELL نہ ہونے کے بعد زبان کی خدمات کے لیے اہل ہے؟*

**جی ہاں۔** انگریزی میں مہارت حاصل کرنے کے بعد کم از کم 2 سال تک (NYSESLAT اسکور کی بنیاد پر)، سابقہ ELLs پر 90 منٹ فی ہفتہ مربوط ENL (سائنس یا ریاضی جیسے مواد کے شعبے کی تدریس کے ذریعے انگریزی زبان کی مہارتیں تشکیل دینے کی ہدایت) یا دیگر سابقہ ELL کی معاونتی خدمات حاصل کرنا لازم ہے۔

**تجویز:**
اسکول کے عملے کو بچے کی زبان کی نشوونما، پیش رفت اور ضروریات کے بارے میں تبادلہ خیال کرنے کے لیے ELLs کے والدین کے ساتھ/ سال میں کم از کم ایک بار ملاقات کرنی چاہیئے۔



# خصوصی تعلیم اور معذوریوں کے شکار طلباء

## *خصوصی تعلیم کیا ہے؟*

خصوصی تعلیم ایک ایسا پروگرام ہے جو معذوری کے شکار طلباء کے لیے خصوصی تدریس، معاونتیں اور خدمات فراہم کرتا ہے۔ ایسی معذوریاں سیکھنے اور رویہ جاتی مشکلات سے لے کر شدید جسمانی اور ادراکی مشکلات ہو سکتی ہیں۔ خصوصی تعلیم کے طلباء کو یا تو غیر معذور ساتھیوں کے ساتھ عام تعلیم کے کلاس روم میں **یا** معذوریوں کے شکار طلباء کے لیے علیحدہ کلاس روم میں پڑھایا جا سکتا ہے۔ طالب علم کی ضرورت کی بنیاد پر، طالب علم "متعلقہ خدمات" جیسا کہ پیشہ ورانہ تھیراپی، جسمانی تھیراپی یا مشاورت بھی حاصل کر سکتا ہے۔

NYC خصوصی تعلیمی نظام اور معذوریوں کے شکار طلباء کے حقوق کے بارے میں مزید تفصیلی وضاحت کے لیے، **AFC کی گائیڈ برائے خصوصی تعلیم دیکھیں**، جو کہ درج ذیل میں دستیاب ہے: انگریزی، ہسپانوی، عربی، چینی، اور بنگالی۔

## *میرا بچہ خصوصی تعلیمی خدمات کیسے حاصل کر سکتا ہے؟*

آپ اپنے بچے کے خصوصی تعلیم کے لیے جائزہ لیے جانے کی درخواست بھی کر سکتے ہیں۔ آپ کو یہ درخواست تحریری طور پر کرنی چاہیئے اور یہ اپنے اسکول کی ضلعی کمیٹی برائے خصوصی تعلیم (Committee on Special Education, CSE) کے چیئرپرسن یا اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام کرنی چاہیئے۔

اسکول کا عملہ آپ کے بچے کو خصوصی تعلیمی خدمات کے لیے ریفر کر سکتا ہے۔ ریفرل تحریری صورت میں ہونا چاہیئے اور اس طریقے سے تحریر کیا جانا چاہیئے جس میں اسکول خصوصی تعلیم کو زیر غور لانے سے پہلے عام تعلیمی خدمات (مثلاً ENL، ٹیوشن، بعد از اسکول پروگرام، رویہ جاتی حکمت عملیوں) کے ذریعے آپ کے بچے کی مدد کرنے کی کوشش کرے۔ اپنے بچے کا خصوصی تعلیم کے لیے جائزہ لیے جانے کے لیے آپ کو تحریری رضامندی بھی دینی ہو گی۔

## *ELLs خصوصی تعلیمی خدمات کیسے حاصل کرتے ہیں؟*

آپ کا بچہ فوری طور پر خصوصی تعلیم کی خدمات کا حقدار ہے، اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ وہ امریکہ میں کتنے عرصے سے مقیم ہیں۔

**آپ کے بچے کو خصوصی تعلیم کے لیے صرف اس وجہ سے ریفر نہیں کیا جا سکتا کہ وہ انگریزی ٹھیک طرح سے نہیں بول سکتا۔**

آپ کسی بھی وقت اپنے بچے کو خصوصی تعلیم کے لیے ریفر کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ ELLs کا انگریزی اور ان کے گھر میں بولی جانے والی زبان دونوں میں جائزہ لیا جانا لازم ہے۔ اگر آپ کے بچے کی بنیادی زبان انگریزی نہیں ہے تو آپ کو دو لسانی خصوصی تعلیم کے جائزے کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔ بچے کا جائزہ لیے جانے کے بعد، آپ

اسکول میں پیشہ ور افراد کی ایک ٹیم سے اس حوالے سے تبادلہ خیال کرنے کے لیے ملاقات کرے گی کہ آیا آپ کے بچے کو خصوصی تعلیم کی ضرورت ہے۔ اس ٹیم میں ایک ٹیچر یا متعلقہ خدمات کا فراہم کار شامل ہونا چاہیئے جو دیگر زبانیں بولنے والوں کو انگریزی سکھانے یا دو لسانی خدمات فراہم کرنے کے لیے تصدیق شدہ ہو۔ اگر آپ کا بچہ خصوصی تعلیمی خدمات کے لیے اہل ہے، تو ٹیم انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) تشکیل دے گی۔ یہ ایک ایسی دستاویز ہے جو آپ کے بچے کے پروگرام، خدمات اور تعلیمی اہداف کی وضاحت کرے گی۔

## *کیا میرا بچہ خصوصی تعلیم میں ELL خدمات موصول کر سکتا ہے؟*

**جی ہاں۔** اگر آپ کا بچہ ELL ہے تو اسے خصوصی تعلیم اور ELL دونوں خدمات حاصل کرنی چاہیئں۔

**نوٹ فرمائیں:**

نشوونمائی تاخیر کا شکار 0 سے 3 سالہ شیرخواران اور چھوٹے بچے ابتدائی مداخلت (Early Intervention, EI) کے پروگرام کی خدمات کے لیے جائزہ لیے جانے کے حقدار ہیں۔ بچے کو EI کے لیے ریفر کرنے کے لیے، 311 پر کال کریں اور **AFC کی گائیڈ برائے ابتدائی مداخلت** دیکھیں، جو کہ انگریزی اور ہسپانوی میں دستیاب ہے۔

## *کیا میرا بچہ دو لسانی خصوصی تعلیم کی خدمات حاصل کر سکتا ہے؟*

**جی ہاں۔** دو لسانی خصوصی تعلیم میں بہت سی مختلف خدمات شامل ہیں، مثلاً دو لسانی خصوصی تعلیم کے کلاس روم جو انگریزی اور آپ کے بچے کے گھر میں بولی جانے والی زبان دونوں میں پڑھاتے ہیں اور دو لسانی متعلقہ خدمات، ان میں دو لسانی بول چال کی لسانی تھیراپی، فزیکل تھیراپی یا آپ کے بچے کے گھر میں بولی جانے والی زبان میں مشاورت شامل ہے۔ مزید معلومات کے لیے، AFC کی گائیڈ برائے ELLs اور خصوصی تعلیم دیکھیں، جو کہ انگریزی، ہسپانوی، عربی، بنگالی، چینی، فرانسیسی، ہیٹی کریول، روسی، اور اردو میں دستیاب ہے۔

**انتباہ:**
اسکول کو صرف اس وجہ سے آپ کے بچے کا IEP تبدیل **نہیں کرنا چاہیئے** کہ وہ مناسب خدمات یا پروگرام پیش نہیں کرتے جن کی آپ کے بچے کو ضرورت ہے (بشمول ELL خدمات)!

## *اگر میرے بچے کے اسکول میں دو لسانی خصوصی تعلیم کی کلاس دستیاب نہ ہو تو کیا ہو گا؟*

آپ کے بچے کو:

1. ENL تدریس کے ساتھ عارضی طور پر صرف انگریزی کی خصوصی تعلیم کی کلاس میں رکھا جا سکتا ہے؛
2. اس کے لیے ترجمہ کرنے کے لیے دو لسانی معاون پیشہ ور کلاس میں موجود ہو؛ یا
3. کسی ایسے اسکول میں منتقل کیا جا سکتا ہے جس میں دو لسانی خصوصی تعلیمی خدمات ہوں یا دو لسانی کلاس روم ہوں۔ آپ کو اسکول کو آگاہ کرنا چاہیئے کہ آپ یہ منتقلی کروانا چاہتے ہیں۔ آپ مدد کے لیے DOE کو BSEprograms@schools.nyc.gov پر ای میل بھی کر سکتے ہیں۔

## کیا میں اپنے بچے کی خصوصی تعلیم کی دستاویزات کے ترجمے کی درخواست کر سکتا ہوں؟

**جی ہاں۔** آپ کو تمام IEPs، جائزے کے نتائج اور خصوصی تعلیم کے بارے میں نوٹسز کا اپنی ترجیحی زبان میں ترجمہ کروانے کا حق حاصل ہے۔ آپ کو میٹنگز میں ترجمان کی خدمات حاصل کرنے کا بھی حق حاصل ہے۔ آپ اپنے بچے کے اسکول سے ان ترجمانی و تشریحی خدمات کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر خدمات فراہم نہ کی گئی ہوں، تو براہ کرم ہماری ہیلپ لائن سے رابطہ کریں۔ آپ **(718) 935-2013** پر کال کر کے محکمۂ تعلیم (Department of Education, DOE) کو بھی شکایت درج کروا سکتے ہیں۔

## اگر میرے بچے کا اسکول ان کے IEP پر خدمات فراہم نہ کرے تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کا بچہ کلاس، خدمت، اور/یا زبان کی ایسی معاونت حاصل نہیں کر رہا جس کی اسے ضرورت ہے، تو آپ غیر جانبدارانہ سماعت کی درخواست دائر کر سکتے ہیں تاکہ حکم حاصل کیا جا سکے جس کے تحت DOE سے مطلوبہ خدمات فراہم کرنے کا تقاضا کیا جائے گا۔

## میں غیرجانبدارانہ سماعت کی درخواست کیسے دائر کروں؟

آپ IHOQuest@schools.nyc.gov پر بذریعہ ای میل یا ایک کاپی بذریعہ ڈاک درج ذیل پتے پر ارسال کر کے غیر جانبدارانہ سماعت کے دفتر کو تحریری درخواست بھیج سکتے ہیں:

NY State Education Department
P-12 Office of Special Education
89 Washington Avenue –Room 309EB
Albany, NY 12234

**تجویز:**

آپ کو غیر جانبدارانہ سماعتوں میں ترجمان کی خدمات حاصل کرنے کا حق حاصل ہے اور آپ کو سماعت کی تاریخ سے پہلے ایک مترجم کی درخواست کرنی چاہیئے۔

DOE کی ویب سائٹ اس بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے کہ غیر جانبدارانہ سماعت کی درخواست کیسے دائر کی جائے۔

آپ AFC **کی گائیڈ برائے خصوصی تعلیم کی غیرجانبدارانہ سماعتوں سے بھی مزید جان سکتے ہیں،** جو کہ انگریزی اور ہسپانوی میں دستیاب ہے۔

# معطلیاں

معطلی یعنی بچے کا کلاس روم سے نکالے جانا ہے۔ یہاں معطل کرنے کی دو اقسام ہیں:

- **پرنسپل کی جانب سے معطلی** – جو کہ 5 دنوں تک رہے گی، اور
- **سپرنٹنڈنٹس کی جانب سے معطلی** – جو کہ 1 سال تک برقرار رہ سکتی ہے۔ اگر معطل طالب علم کی عمر اسکول کے پہلے دن 17 سال سے زیادہ ہے تو سپرنٹنڈنٹس کی جانب سے کی گئی معطلی کے نتیجے میں بے دخلی بھی ہو سکتی ہے۔ اگر طلباء اپنی ذات یا دوسروں کے لیے خطرے کا باعث ہوں تو ان کو اسکول سے معطل کر دیا جائے گا۔ ELLs کو بھی معطل کیا جا سکتا ہے۔

اگر آپ کا بچہ معطل کیا گیا ہے، تو اسے معطلی کی مدت کے دوران کسی متبادل جگہ پر تمام ہوم ورک، کلاس ورک اور تدریس حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔



## *اگر میرے بچے کو معطل کیا جائے تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟*

اگر آپ کے بچے کو معطل کیا گیا ہے، تو آپ کا حق ہے کہ آپ کو فوری طور پر اپنے بچے کے خلاف مخصوص الزامات کے بارے میں زبانی اور تحریری طور پر آگاہ کیا جائے۔ آپ کو اپنے بچے کے خلاف تمام دستاویزی ثبوتوں کا حق بھی حاصل ہے۔ **یہ معلومات اس زبان میں فراہم کی جانی چاہیئیں جو آپ سمجھتے ہوں۔**

آپ کو (پرنسپل کی جانب سے معطلی کے لیے) **معطلی کی کانفرنس یا** (سپرنٹنڈنٹ کی جانب سے معطلی کے لیے) **سماعت** منعقد کروانے کا حق بھی حاصل ہے۔ والدین اور طلباء کو معطلی کی کانفرنسوں اور سماعتوں میں نمائندہ یا ایڈوکیٹ لانے کا حق حاصل ہے۔ نمائندے کی درخواست کرنے کے لیے، آپ AFC کی ہیلپ لائن کو **(866) 427-6033** یا قانونی خدمات NYC کو **(917) 661-4500** پر کال کر سکتے ہیں۔

**تجویز:**
اگر آپ کا بچہ معذور ہے اور اسے معطل کر دیا گیا ہے، تو براہ کرم ہماری ہیلپ لائن پر کال کریں۔ کچھ خاص طریقہ کار ہیں جن کے بارے میں جاننے اور ایسا ہونے کی صورت میں آپ کو اس میں حصہ لینے کا حق ہے۔

# پروموشن (اگلی کلاس میں جانا) اور گریجویشن

**چانسلر کا ضابطہ A-501** ہر گریڈ کی سطح کے لیے پروموشن کے رہنما ہدایات کی فہرست دیتا ہے۔ رہنما ہدایات کا ترجمہ عربی، بنگالی، چینی، فرانسیسی، ہیٹی کریول، کوریائی، روسی، ہسپانوی اور اردو میں کیا گیا ہے۔

## میرے بچے کو ایک گریڈ سے دوسرے گریڈ میں جانے کے لیے کیا کرنے کی ضرورت ہے؟

اگرچہ ہم آپ کو DOE کی ویب سائٹ پر پروموشن کے تفصیلی رہنما خطوط کو پڑھنے کی ترغیب دیتے ہیں، تاہم ذیل میں چارٹ میں گریڈ کے لحاظ سے پروموشن کے بنیادی معیار کی فہرست دی گئی ہے:

| گریڈ کی سطح | بنیادی معیار |
|---|---|
| کنڈرگارٹن – 2 گریڈ | اسکول کا عملہ فیصلہ کرے گا کہ آیا آپ کے بچے کو آپ کی مرضی کے ساتھ اگلے گریڈ میں بھیجا جائے۔ |
| 3 تا 8 گریڈ | پروموشن کے فیصلے ٹیسٹ کے اسکورز، کورس کے درجات، رپورٹ کارڈز، طلباء کے پروجیکٹس اور اسائنمنٹس کے جائزے کی بنیاد پر کیے جاتے ہیں۔ ریاستی ٹیسٹ اسکورز پروموشن کے فیصلوں میں ایک اہم عنصر نہیں ہونا چاہیئے۔ |
| 9 تا 12 گریڈ (ہائی اسکول) | پروموشن حاضری اور طالب علم کے کریڈٹس کی تعداد پر مبنی ہے:<br>10 گریڈ میں جانے کے لیے 8 کریڈٹس<br>11 گریڈ میں جانے کے لیے 20 کریڈٹس<br>12 گریڈ میں جانے کے لیے 30 کریڈٹس |

## کیا ELLs کو اسکول جانے سے روکا جا سکتا ہے؟

**جی ہاں۔** اگر وہ کسی گریڈ میں فیل ہو جاتے ہیں یا اپنے گریڈ کے لیے پروموشن کے مخصوص معیار پر پورا نہیں اترتے تو ELLs کو روکا جا سکتا ہے۔ ELLs کو صرف اس بات پر نہیں روکا جا سکتا کہ وہ انگریزی اچھے طریقے سے بول نہیں سکتے۔

ELLs کے دو گروپس پروموشن کے معیارات سے مستثنیٰ ہیں:

1. گریڈ **3-7** میں ELLs جو امریکی پبلک اسکول میں 2 سال سے بھی کم عرصے سے ہیں اور گریڈ 8 میں ELLs جو امریکی پبلک اسکول میں 1 سال سے بھی کم عرصے سے ہیں؛ **اور**
2. خصوصی تعلیم کے طلباء (بشمول ELLs) جن کے IEPs میں کہا گیا ہے کہ وہ مستثنیٰ ہیں **یا** پروموشن کے ترمیم شدہ معیار کو استعمال کیا جائے گا۔

## اگر میرے بچے کے روکے جانے کا خطرہ ہو تو اس کا اسکول مجھ سے کیسے رابطہ کرے گا؟

سال کے دوران تین اوقات ایسے ہوتے ہیں جب آپ کا اسکول آپ کو مطلع کر سکتا ہے کہ اگر آپ کے بچے کے روکے جانے کا خطرہ ہو:

- موسم خزاں کی والدین اور ٹیچر کانفرنس
- 15 فروری تک تحریری صورت میں (جسے "غیر یقینی پروموشن" کا خط کہا جاتا ہے)
- تعلیمی سال کے اختتام سے پہلے بذریعہ ڈاک تحریری صورت میں۔

***انتباہ:***
یہاں تک کہ اگر اسکول آپ کو آگاہ کرنے میں ناکام ہوا ہے، تو اسکول پھر بھی آپ کے بچے کو روک سکتا ہے۔

## کیا میں اپنے بچے کے روکے جانے کے اسکول کے فیصلے کے خلاف اپیل دائر کر سکتا ہوں؟

جی ہاں۔ اگر آپ اسکول کے فیصلے سے متفق نہیں ہیں، تو آپ پرنسپل کو تحریری اپیل جمع کروا سکتے ہیں۔ اس کے بعد سپرنٹنڈنٹ پرنسپل کے فیصلے کا جائزہ لیتا ہے اور حتمی فیصلہ کرتا ہے۔

## میرے بچے کو ہائی اسکول سے گریجویٹ ہونے کے لیے کیا کرنے کی ضرورت ہے؟

آپ کے بچے کو 44 کریڈٹس مکمل کرنے اور 4 ریجنٹس امتحانات (انگریزی، ریاضی، سماجی علوم، اور سائنس میں) 65 یا اس سے زائد اسکور کے ساتھ پاس کرنے چاہیئیں، اور طالب علم کے انتخاب کا 5واں ریاست سے منظور شدہ امتحان (جیسے کہ اضافی ریجنٹس امتحان، ایڈوانسڈ تقرری کا امتحان، کیریئر اور تکنیکی تعلیم (Career and Technical Education, CTE) کا امتحان) پاس کرنے چاہیئیں۔ معذور طلباء اور ELLs کے لیے اسکورنگ کے خصوصی اختیارات دستیاب ہیں۔



ELLs کو گریجویٹ ہونے کے لیے NYSESLAT پاس کرنے کی ضرورت نہیں ہے؛ **تاہم**، انہیں اپنا انگریزی ریجنٹس کا امتحان انگریزی میں پاس کرنا ہو گا۔ اگر کوئی ELL دوسرے شعبہ ہائے مضامین انگریزی میں نہیں سمجھ سکتا، تو وہ اپنے دوسرے امتحانات اپنی ترجیحی زبان میں دے سکتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے، **AFC** کا **ہائی اسکول کی پروموشن اور گریجویشن برائے ELLs** کا ہینڈ آؤٹ دیکھیں، جو کہ انگریزی، ہسپانوی، بنگالی، چینی اور ہیٹی کریول میں دستیاب ہے۔

# امتیازی سلوک

ایک اسکول کی جانب سے آپ یا آپ کے بچے کی نسل، رنگت، آبائی قومیت، آبائی وطن، مذہب یا امیگریشن حیثیت کی بنیاد پر امتیازی سلوک روا رکھنا قانون کے خلاف ہے۔

## *امتیازی سلوک کیا ہوتا ہے؟*

یہاں چند مثالیں موجود ہیں:

- پبلک اسکول جہاں آپ اپنے بچے کا اندراج کروانا چاہتے ہیں وہاں کا عملہ آپ کو بتاتا ہے کہ آپ کا بچہ اس لیے داخل نہیں کیا جا سکتا کیونکہ وہ امریکی نہیں ہے۔
- آپ کا بچہ آپ کو بتاتا ہے کہ ایک ٹیچر نے اسے کہا کہ "اپنے ملک واپس چلے جائیں۔"

## اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ یا آپ کے بچے کے ساتھ امتیازی سلوک کیا گیا ہے یا آپ کو ہراساں کیا گیا ہے تو آپ ان ایجنسیوں میں سے کسی کے پاس شکایت درج کروا سکتے ہیں:

- NYC DOE دفتر برائے مساوی مواقع (OEO): 3320-935 (718)
- *شکایت جس موضوع پر کی گئی ہے، اس واقعے کے ہونے کے <u>ایک سال کے اندر</u> OEO کے پاس دائر کروانی چاہیئے۔*
- امریکی محکمۂ تعلیم، دفتر برائے شہری حقوق: 3900-428 (646)
- نیو یارک شہر کا کمیشن برائے انسانی حقوق: 3131-722 (718)

## *DOE میرے بچے کو غنڈہ گردی سے کیسے تحفظ دے سکتا ہے؟*



DOE طالب علموں کو ایسے برتاؤ کی اجازت نہیں دیتا جس سے دوسرے طالب علم غیر محفوظ محسوس کر سکیں یا جو انہیں جسمانی چوٹ یا جذباتی نقصان پہنچا سکے۔

DOE ایسے رویے کی بھی اجازت نہیں دیتا جو کسی دوسرے طالب علم کی تعلیم، ذہنی یا جذباتی صحت یا جسمانی صحت و تندرستی میں مداخلت کر سکے۔

ہر پبلک اسکول کے عملے میں ایک فرد ایسا ہوتا ہے جو 'سب کے لیے احترام (Respect for All, RFA)' کے فردِ رابطہ کے طور پر کام کرتا ہے۔ آپ غنڈہ گردی کی اطلاع RFA کے فردِ رابطہ کو دے سکتے ہیں یا آپ https://www.nycenet.edu/bullyingreporting پر آن لائن اطلاع دے سکتے ہیں۔

اسکول کے عملے کو طلباء کے ساتھ غنڈہ گردی، ہراسانی یا امتیازی سلوک روا رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ والدین اور طلباء اس رویے کی پرنسپل کو بتا کر، دفتر برائے خصوصی تحقیقات (Office of Special Investigations, OSI) کو **935-3800 (718)** پر کال کر کے یا OSI کو https://www.nycenet.edu/cpu/home/complaint پر آن لائن رپورٹ درج کروا اطلاع دے سکتے ہیں۔

**اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ یا آپ کے بچے کے ساتھ غنڈہ گردی کی گئی ہے:**

- **تو اسکول کو فوراً اس واقعے کی اطلاع دیں**، یا؛
- اگر آپ اسکول کے عملے کو اس واقعے کی اطلاع دے کر مطمئن نہیں ہیں، یا آپ کے اسکول کے عملے کو اطلاع دینے کے باوجود ایسا رویہ جاری ہے، تو آپ **دفتر برائے اسکول اور نوجوانوں کی ترقی (Office of School and Youth Development, OSYD)** کو respectforall@schools.nyc.gov پر ای میل کر سکتے ہیں



## میں اپنے بچے کی تعلیم میں کیسے شامل ہو سکتا ہوں؟

آپ کے اپنے بچے کی تعلیم میں شرکت کرنے کے کئی طریقے ہیں۔ کچھ مثالوں میں شامل ہیں:

- **پیرنٹ یا پیرنٹ ٹیچر ایسوسی ایشن (PA/PTA) میں شرکت کرنا۔** ہر اسکول کی ان میں سے ایک تنظیم ہوتی ہے اور تمام فیصلوں میں ان سے مشاورت کرتی ہے۔ تاہم، PAs اور PTAs اسکول کی کارروائیوں سے متعلق حتمی فیصلے نہیں کرتے۔
- اگر آپ کے اسکول میں **پیرنٹ کوآرڈینیٹر** موجود ہے تو اس سے رابطہ کریں۔ پیرنٹ کوآرڈینیٹرز والدین کے خدشات کو حل کرنے میں مدد کرتے ہیں اور والدین کی شمولیت کی حمایت کرتے ہیں۔
- **اسکول لیڈرشپ ٹیم میں حصہ لینا۔** یہ اسکول پر مبنی تنظیمیں ہوتی ہیں جو کہ ہر اسکول میں موجود ہوتی ہیں۔ والدین اور عملے کی مساوی تعداد مہینے میں کم از کم ایک بار بجٹ، نصاب، ELL کی خدمات وغیرہ سے متعلق اسکول کی پالیسیوں کی منصوبہ بندی اور فیصلہ کرنے کے لیے ملاقات کرتی ہے۔
- **ٹائٹل I مشاورتی کونسل برائے والدین** میں حصہ لینا: جو کہ کم آمدنی کے حامل اور اقلیتی بچوں، بشمول ELLs کی تدریس میں کامیابی کو بہتر بنانے کے لیے ایک وفاقی پروگرام ہے۔ مزید معلومات کے لیے اپنے اسکول کے پیرنٹ کوآرڈینیٹر سے رابطہ کریں۔
- **کمیونٹی یا سٹی وائیڈ ایجوکیشن کونسل (CEC)** میں شمولیت کے لیے درخواست دینا: NYC بھر میں 32 ادارے جو اپنے متعلقہ پبلک اسکول کے اضلاع میں تعلیمی پالیسیوں اور ترجیحات تشکیل دیتی ہیں۔ آپ CEC میں شمولیت اختیار کرنے کے بارے میں مزید معلومات DOE کی ویب سائٹ: http://nycparentleaders.org پر دیکھ سکتے ہیں۔
- **سٹی وائیڈ کونسل برائے انگریزی زبان کے متعلمین** (Citywide Council on English Language Learners, CCELL) کے لیے درخواست دینا**:** https://www.ccell.org۔
- **کمیونٹی پر مبنی تنظیم** میں شامل ہونا جو کہ NYC میں عوامی تعلیم کو بہتر بنانے اور اس کی معاونت پر مرکوز ہے۔

## بطور والدین میرے حقوق کیا ہیں؟

- آپ کو **اپنی ترجیحی زبان میں اسکول سے متعلق معلومات** (پراگرس رپورٹس، رپورٹ کارڈز، نوٹسز وغیرہ) **کے حصول کا حق حاصل ہے۔** یہ خدمات کم از کم عربی، بنگالی، چینی، فرانسیسی، ہیٹی کریول، کوریائی، روسی، ہسپانوی اور اردو میں دستیاب ہونی چاہیئیں۔
- آپ کو **پیرنٹ ٹیچر کانفرنسز میں ترجمانی و تشریحی خدمات** کی مدد کے ساتھ شرکت کرنے کا حق حاصل ہے۔ اسکول کو ایسے نوٹسز پوسٹ کرنے چاہیئیں جن سے پتا چلتا ہو کہ آپ یہ خدمات کیسے حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو یہ نوٹس اپنے بچے کے اسکول میں نظر نہیں آتے تو اپنے اسکول کے پیرنٹ کوآرڈینیٹر یا پرنسپل سے ان معلومات کے بارے میں استفسار کریں۔
- آپ کو **اپنے بچے کے اسکول کے تمام ریکارڈز کی کاپی تک رسائی پانے کا حق حاصل ہے۔** یہ ریکارڈز آپ کو فوری طور پر اور آپ کی درخواست کرنے کے 45 کیلنڈر دنوں کے بعد فراہم کیے جانے چاہیئیں۔ آپ کو اپنے بچے کے ریکارڈز میں کسی بھی معلومات کے لیے اپیل کرنے یا ان میں ترمیم کرنے کا حق حاصل ہے۔
- آپ کو **اپنے بچے کی اسکول کمیونٹی اور انتظامیہ میں شامل ہونے** کا حق ہے۔



بدقسمتی سے، والدین اکثر اوقات ترجمانی و تشریحی خدمات حاصل نہیں کر پاتے جو ان کو درکار ہوتی ہیں۔ اگر آپ کو یہ مسئلہ درپیش ہے تو، آپ ہماری ہیلپ لائن پر کال کر سکتے ہیں، یا **DOE کی لسانی رسائی کی شکایت لائن** کو 2013-935 (718) پر کال کر کے شکایت دائر کروا سکتے ہیں۔

## میں اپنے خدشات اور سوالات سے متعلق DOE میں کس فرد سے بات چیت کروں؟

***اگر آپ کو ELL خدمات سمیت، اسکول میں موصول ہونے والی خدمات کے حوالے سے کوئی مسئلہ درپیش ہے، تو درج ذیل سے گفتگو کریں:***

### *اپنے بچے کے اسکول میں:*

- اپنے بچے کے ٹیچر کے ساتھ
- اسکول کے پیرنٹ کوآرڈینیٹر کے ساتھ
- اسکول کے لسانی رسائی کے کوآرڈینیٹر کے ساتھ
- اسکول کے 'سب کے لیے احترام' کے فردِ رابطہ کے ساتھ
- اسکول کے پرنسپل کے ساتھ

### *اپنے بچے کے اسکول سے باہر:*

NYC کے تمام پبلک اسکولوں کی نگرانی سپرنٹنڈنٹس کرتے ہیں۔ اگر آپ کسی مسئلے کو حل نہیں کر سکتے یا اپنے بچے کے اسکول میں مدد حاصل نہیں کر سکتے، تو آپ اپنے بچے کے اسکول کے سپرنٹنڈنٹ آفس سے مدد کے لیے رابطہ کر سکتے ہیں۔

سپرنٹنڈنٹ کے علاوہ، آپ اپنے بچے کے اسکول میں کسی بھی مسئلے کو حل کرنے میں مدد کے لیے فیملی سپورٹ کوآرڈینیٹر سے بات چیت کر سکتے ہیں۔



### رابطہ کریں

DOE اسکول ڈائریکٹری کا استعمال کرتے ہوئے اپنے ضلعی اسکول کے رابطے معلوم کریں۔

# خاندانی خیرمقدمی مراکز

اپنے مقامی خاندانی خیرمقدمی مرکز سے رابطہ کر کے اپنے بچے کا اسکول میں اندراج کروائیں۔ خاندانی خیرمقدمی مراکز صبح 8 بجے تا سہ پہر 3 بجے، پیر تا جمعہ کھلے رہتے ہیں۔ خاندانی خیرمقدمی مراکز میں ترجمانی و تشریحی خدمات دستیاب ہیں:

| بورو | خدمت کردہ ضلع (اضلاع) | پتہ اور ای میل | فون نمبر |
|---|---|---|---|
| برونکس | 7، 9، 10 | 1 Fordham Plaza, 7th Floor<br>FordhamFWC@schools.nyc.gov | 718-329-8050 |
| | 8، 11، 12 | 1230 Zerega Ave, Room 24<br>ZeregaFWC@schools.nyc.gov | 718-828-7546 |
| بروکلین | 17، 18، 22 | 1780 Ocean Avenue, 3rd Floor<br>OceanFWC@schools.nyc.gov | 718-758-7744 |
| | 20، 21 | 415 89th Street, 5th Floor<br>89thFWC@schools.nyc.gov | 718-759-3900 |
| | 19، 23، 32 | 1665 St. Mark's Avenue, Room 116<br>StMarksFWC@schools.nyc.gov | 718-240-3609 |
| | 13، 14، 15، 16 | 355 Park Place<br>ParkPlaceFWC@schools.nyc.gov | 718-623-5069 |
| مینہیٹن | 1، 2، 4 | 333 7th Avenue, 12th Fl., Room 1211<br>333FWC@schools.nyc.gov | 917-339-1763 |
| | 3، 5، 6 | 123 Morningside Drive, Room 235<br>MorningsideFWC@schools.nyc.gov | 332-228-0312 |
| کوئینز | 24، 30 | 28-11 Queens Plaza North, 3rd Fl.<br>QueensPlazaNFWC@schools.nyc.gov | 718-391-6270 |
| | 25، 26 | 30-48 Linden Place, 2nd Floor<br>LindenFWC@schools.nyc.gov | 718-281-3538 |
| | 27، 28، 29 | 90-27 Sutphin Boulevard, 1st Floor<br>SutphinFWC@schools.nyc.gov | 718-557-2786 |
| اسٹیٹن آئیلینڈ | 31 | 715 Ocean Terrace, Building A<br>PetridesFWC@schools.nyc.gov | 718-420-5654 |

## امیگریشن میں مدد لینے کے لیے میں کس فرد سے رابطہ کروں؟

**CUNY شہریت کے مراکز** اب اپائنٹمنٹ کے ذریعے مفت امیگریشن کی خدمات مہیا کر رہے ہیں۔

| CUNY امیگریشن کا مرکز | بولی جانے والی زبان (زبانیں) | فون | گھنٹے | پتہ |
|---|---|---|---|---|
| ہوسٹوس کمیونٹی کالج | انگریزی، ہسپانوی | 718-518-4395 | پیر تا جمعہ، صبح 9 بجے تا دن 1 بجے دن 2 بجے تا شام 5 بجے | 427 Walton Ave., T-501 Bronx, NY 10451 |
| میڈگر ایورز کالج | انگریزی، ہسپانوی، پولش | 718-270-6292 | پیر تا جمعہ، صبح 9 بجے تا دوپہر 1:15 بجے دوپہر 1:45 بجے تا شام 4 بجے | 1150 Carroll St., Rm 226 Brooklyn, NY 11225 |
| سٹی کالج | انگریزی، ہسپانوی، اطالوی | 212-650-6620 | پیر تا جمعہ، صبح 9 بجے تا شام 5 بجے | 160 Convent Ave., North Academic Center, Rm 1-206 New York, NY 10031 |
| CUNY ہائیٹس میں | انگریزی، ہسپانوی | 646-664-9350 | پیر تا جمعہ، صبح 9 بجے تا شام 5 بجے | 5030 Broadway, Ste. H202 New York, NY 10034 |
| فلشنگ | انگریزی، چینی، کوریائی، ہسپانوی | 718-640-9223 | پیر تا جمعہ، صبح 9:30 بجے تا دن 1 بجے دن 2 بجے تا شام 4:30 بجے | 39-07 Prince St., Ste. 2B Flushing, NY 11354 |
| یارک کالج | انگریزی، ہسپانوی | 646-664-9400 | پیر تا جمعہ، صبح 9:00 بجے تا شام 4:00 | 94-20 Guy Brewer Blvd. Jamaica, NY 11451 |
| El Centro Del Immigrante | انگریزی، ہسپانوی | 347-825-2086 | پیر تا ہفتہ صبح 7:00 بجے تا دن 12 بجے | 260 Port Richmond Avenue, Staten Island, NY 10302 |

**ڈور، لیگل اور امیگریشن سروسز:**
یہ قانونی خدمات کا مرکز 12 تا 21 سالہ نوعمر افراد کو خدمات مہیا کرتا ہے۔ [legalhelp@door.org](mailto:legalhelp@door.org) پر ای میل کریں یا **212-941-9090**، ایکسٹینشن 3280 پر کال کریں۔

**لیگل ایڈ سوسائٹی، امیگریشن پروجیکٹ:**
حراست میں لیے گئے تارکین وطن کے لیے امیگریشن لا یونٹ ہاٹ لائن، پیر تا جمعہ، صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک: **1-844-955-3425** پر دستیاب ہے۔ امیگریشن کورٹ کے زیر التوا مقدمات کے ساتھ غیر زیر حراست تارکین وطن کو **212-577-3300** پر کال کرنی چاہیئے۔

**کیتھولک خیراتی ادارے:**
قانونی تعارفی سیشن پروگرام برائے نگران (Legal Orientation Program for Custodians, LOPC) کی ہاٹ لائن بالغ فرد کی نگرانی کے بغیر نابالغان کی نگرانی کے لیے: **1-888-996-3848** (پیر تا جمعہ، صبح 9 بجے تا رات 8 بجے)۔

**ریاست نیو یارک (NYS):**
نیو امریکن ہاٹ لائن: **1-800-566-7636** (NYS میں ٹول فری، پیر تا جمعہ، صبح 9 بجے تا رات 8 بجے)۔

**عرب امریکی ایسوسی ایشن برائے نیو یارک:**
امیگریشن کی خدمات—مفت مشاورتیں اور کم لاگت کی حامل خدمات (بروز بدھ، دوپہر 3 بجے تا شام 6 بجے)۔ مدد کے لیے [info@arabamericanny.org](mailto:info@arabamericanny.org) پر ای میل یا **718-745-3523** پر کال کریں۔

**ان لوکل انکارپوریشن:**
امیگریشن کی خدمات—امیگریشن سے متعلق معاملات کے بارے میں مفت قانونی مشورے اور نمائندگی۔ مدد کے لیے [info@unlocal.org](mailto:info@unlocal.org) پر ای میل یا **(646) 216-8210** پر کال کریں۔

## اہم اصطلاحات اور مخففات

**چانسلر کے ضوابط** — NYC پبلک اسکولوں کے باضابطہ قواعد

**DL** — دوہری زبان کا پروگرام

**EI** — ابتدائی مداخلتی پروگرام کی خدمات

**ELL** — انگریزی زبان کا متعلم

**ENL** — انگریزی بطور نئی زبان

**HLIS** — گھریلو زبان کی شناخت کا سروے، بچے کی باا‌ثر زبان کی شناخت کرتا ہے

**IEP** — انفرادی تعلیمی پروگرام



**NYSITELL** — انگریزی زبان کے متعلمین کے لیے ریاست نیو یارک کا شناختی امتحان، انگریزی زبان میں طالب علموں کی سننے، بولنے، پڑھنے اور لکھنے کی صلاحیتوں کا تعین کرتا ہے۔

**NYSESLAT** — ریاست نیو یارک کا انگریزی بطور ثانوی لسانی حصول کا ٹیسٹ، جو کہ طلباء کی انگریزی پڑھنے، لکھنے، سننے اور بولنے کی مہارت کا ٹیسٹ لیتا ہے۔

**PA/PTA** — پیرنٹس ایسوسی ایشن/پیرنٹ ٹیچر ایسوسی ایشن

**TBE** — عبوری دو لسانی تعلیم

**UPK** — یونیورسل پری کنڈرگارٹن

**نیو یارک شہر میں تعلیمی خدمات کے بارے میں یہ گائیڈ اور اضافی وسائل ہماری ویب سائٹ www.advocatesforchildren.org پر دستیاب ہیں۔**

## وکالتی تجاویز

- ✓ **اپنے بچے کے اسکول کی تمام دستاویزات کا ریکارڈ رکھیں** (جیسا کہ IEPs اور جائزے) اور اسکول کی جانب سے تمام خطوط اور رپورٹس ایک فائل میں تاریخ کے حساب سے ترتیب وار رکھیں۔
- ✓ **تحریر کرتے رہیں:** اسکول کے عملے اور بیرونی معالجین (جیسے کہ ڈاکٹرز یا تھیراپسٹس) کے ساتھ تمام ملاقاتوں اور بات چیت کے ریکارڈز تاریخوں اور اوقات کے ساتھ اپنے لیے ایک نوٹ بک میں محفوظ رکھیں؛ تحریری طور پر، خط کے ذریعے یا ای میل کے ذریعے کی گئی بات چیت پر غور کریں، اور ان کی نقل محفوظ رکھیں تاکہ آپ کے پاس ریکارڈ رہے۔
- ✓ **مصدقہ میل، واپسی کی درخواست کردہ رسید کے ذریعے،** یا بذریعہ ای میل تمام اہم معلومات بھیجیں، تاکہ آپ کے پاس اس بات کا ثبوت ہو کہ یہ بھیجی جا چکی ہیں۔
- ✓ **ان افراد سے گفتگو کریں جو آپ کے بچے کے ساتھ کام کرتے ہیں۔** اگر معاملات ٹھیک جا رہے ہوں یا اگر ٹھیک نہ بھی ہوں تو ٹیچرز کے ساتھ بات چیت کریں، یوں آپ خود کو ایک فکرمند اور مشغول والدین ثابت کریں گے۔
- ✓ **مستقل مزاج بنیں۔** اگر کوئی کہتا ہے کہ آپ کے بچے کے لیے کچھ بھی ممکن نہیں ہے، تو کسی اور فرد سے مشورہ حاصل کریں۔
- ✓ **مثبت بات چیت کریں۔** یہاں تک کہ جب آپ وقوع پذیر حالات کی وجہ سے غصے میں ہوں، تب بھی اپنا نکتہ نظر واضح کرنے کے لیے پُرسکون رہ کر بات کریں۔
- ✓ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کا نکتہ نظر DOE کی جانب سے نہیں سنا جا رہا تو اسکول کی مٹینگ میں اپنے ساتھ اسکول سے باہر سے **کسی دوست،** گھرانے کے فرد یا کسی ایسے فرد کو لائیں جو آپ کے بچے کو جانتا ہو۔

## ہمارا مقصد

AFC بہترین تعلیم تک رسائی کو فروغ دیتا ہے جو نیو یارک تمام طلباء، خصوصاً غیر سفید فام طلباء اور کم آمدنی کے حامل پس منظر کے طلباء کے لیے فراہم کر سکتا ہے۔ ہم نظام کی اصلاحات کو آگے بڑھانے، خاندانوں اور کمیونٹیز کو بااختیار بنانے اور انفرادی طلباء کے تعلیمی حقوق کی وکالت کرنے کے لیے منفرد طور پر مربوط حکمت عملیوں کا استعمال کرتے ہیں۔

## کیا ابھی مزید سوالات ہیں؟

**براہ کرم کال کریں**
**دی جل چیفٹز ایجوکیشن ہیلپ لائن**
پیر تا جمعرات
صبح 10 بجے تا شام 4 بجے
**866-427-6033 (ٹول فری)**

**ایڈوکیٹس برائے نیو یارک کے اطفال، انکارپوریشن**
**West 30th Street, 5th Floor 151**
**New York, NY 10001**
**فون** (212) 947-9779
**فیکس** (212) 947-9790
**info@advocatesforchildren.org**
**www.advocatesforchildren.org**